© rasailojaraid.com

لیکن جناب عرشؔ کی قدرتِ کلام نے سوزِ جگر کے ساتھ مل کر اس وادیٔ ہفتخوان کو بڑی خوبی سے طے کیا ہے جس پر وہ مبارک باد کے مستحق ہیں اُمید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے لائق مصنف کے فنی کمال و حسنِ طبع کی داد دیں گے۔ یہ مجموعہ دیکھنے اور پڑھنے سے ہی تعلق رکھتا ہے۔ لیکن دو شعر تو آپ بھی سنتے چلئے۔

زہے شانِ براہیمی کہ نمرودوں کی دنیا میں
وہ جس آتش کو بھی کہہ دے وہی گلزار ہو جائے

ہاں ہاں تمہیں تو ہو دل عالم کے دل نواز
دل دار و دل نشین و دل آرا تمہیں تو ہو

شروع میں مولانا عبدالماجد دریابادی کے قلم سے تین صفحوں کا ایک پیش لفظ بھی پڑھنے کے لائق ہے۔

اسلامی زندگی

از مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلوی تقطیع خورد ضخامت ۳۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۸ر پتہ :۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی۔

اس رسالہ میں حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات و فیوض کی روشنی میں اسلامی زندگی کے دستور العمل کا ایک خاکہ پیش کیا گیا ہے یعنی یہ کہ اصل سعادت و کامرانی تعلق باللہ ہے اس تعلق کے مقتضیات کیا ہیں؟ اس تعلق پر کیا اثرات و ثمرات مرتب ہوتے ہیں اور یہ تعلق کیوں کر پیدا کیا جاتا ہے۔ اسلام کی اس بارہ میں تعلیمات کیا ہیں؟ اور ان تعلیمات کا انسان کی اجتماعی اور انفرادی زندگی پر کیا اثر ہوتا ہے اس کا مطالعہ مسلمانوں کے لئے مفید ہو گا۔

© rasailojaraid.com